غریب مسکین فقیر ضامن [illegible]
[illegible]

کس طرح ڈھونڈ ڈہو سکی اسے جسکا پتا نہو	[illegible] ہر ایک جا [illegible] جسکا سنا نہو
جبتک خیال غیر سے سینہ صفا نہو	اس تنگدل میں نور جمال خدا نہو

[illegible]

ان ہوں عاشق کبک صفت تو ہی جانی الٰہی	انت الہادی انت الحق لیس الہادی الا ہو

ضامن علی تو ہو کے فنا ذکر کیا کر اللہ ہو
انت الہادی انت الحق لیس الہادی الا ہو

ردیف ہاے

میری جان و دل تجہی سے ہیں و بارک وسلم وصل علیہ	خدا خود محبت سے فرما رہے ہے و بارک وسلم وصل علیہ
کو معراج ہیں یا خدا دونی کا نشان لیے نشان ہوگا	کمالات سبہی ہیں سب میں ملے و بارک وسلم وصل علیہ
خدا احمد ہیں ایک دوئی اپنے خدا ختم منکر وہ	خدا خود دیکھے ہم محمد کیے و بارک وسلم وصل علیہ
وہ احمد بلا میم ہے خدا وہ عربی بلا عین میں علین ہے	جو کل شے ہے لاشے وہی کل ہے شے و بارک وسلم وصل علیہ
وصف احمد و عالم میں گستہ قلم ہوگئے خیرہ ہیں	وہ حشر ہے نالہ ہوں میں بانگتے و بارک وسلم وصل علیہ
احمد کو کوئی احد کہے ہو فقط میم کا ایک ہے وہ رنگ	نیم دلیں لو محبت کی ہو و بارک وسلم وصل علیہ
یا سگ احمد بچا ہوں فاک تجہی تشبیہ چاہو جانی	سعادت الٰہی یہ ہم کو ملے و بارک وسلم وصل علیہ
خبر تو مری جلد تم یا نبی مدد تم کرو میری صل علیٰ	کہ مجہہ سے ہے نازل بلا جو یہ پڑ و بارک وسلم وصل علیہ

وہ تو یہ جمال مقدس کہا کہ مشتاق جس نور کا تہا خدا
نیم ہجر ضامن کہانتک سہو و بارک وسلم وصل علیہ

یا بیان کیجیے بیقراری آہ	دم گیا اپنے آہ کے ہمراہ
عشق میں شاہ کے ہوا ہے گدا	نہ ملا مجہ فقیر سے وہ شاہ

دیوان ضامن

ردیف یا

دیوان ضامن

نور احمد ہے ہر اک شے میں نمایاں ضامن
جوں مے سرخ کہ ہو کاسۂ بلور کے ساتھ

چشم بیمار کا بیمار ہوں اللہ باللہ | زلف پیچاں کا گرفتار ہوں ا[illegible]
ساقیا جام بقا ہمکو پلا پھر خدا | سے وحدت کا طلبگار ہوں ا[illegible]
ہے عزیز وصفت عشق زلیخائی میں | اپنے یوسف کا خریدار ہوں ا[illegible]
نبض میں دیکھو طبیبو نہ شفا ہو دیگی | عشق کے مرض کا بیمار ہوں ا[illegible]
نکہت گل کی تمنا ہے نہ گلشن کی ہوا | دل پر داغ کا گلزار ہوں ا[illegible]
زلف ناگن کا تصور یہ بندھا ہے ہمکو | گویا چھاتی پہ لئے مار ہوں اللہ [illegible]
برق کی طرح تپ ہجر میں بیچین ہیں ہم | سوزش عشق سے ناچار ہوں ا[illegible]
چشم خونخوار نے تیری ہمیں مارا قاتل | رات دن آنکھوں سے خونبار ہوں ا[illegible]

مثل گل رکھتے تھے دل ہاتھ میں ضامن گھر
اتنوا آنکھوں میں ترے خار ہوں اللہ باللہ

حسن رخ دلدار ہے کچھ اور زیادہ | انداز نئے ناز نئے طور زیا[illegible]
الفت نہ محبت نہ تلطف نہ مروت | دن رات ستمگار کے ہیں جور [illegible]
ممکن ہے صفت سیم دہن ہو کمر کی | ہوتا ہے مگر صرف بیان عدد [illegible]
دہ چند ہوا حسن رخ یار کا تل سے | جوں صفر سے اعداد ہوں فی ال[illegible]
گھبرا گئے جو صحرا کو نکل جاؤ ہو ضامن | ہو جاتی ہے وحشت بھی اسی طو[illegible]

ہوچکے دنین ملک الموت لیے عشق
مکان لامکان تیرا ہے حنا کی

ک دو زخم دلبر تم نمک ادر
لگی برچھی ہے چشم سرمہ سا کی

کی چپل ہوا ہو صبا تو
دلائی بو ہے زلف مشک سا کی

نہ ہو گیا لیکر لات
یہ بازی لے گیا انسان خاکی

مریض عشق مر جائے تو چھٹ جائے
یہی تدبیر ہے ضامن شفا کی

ل سے پہلے مر یجان و جانی مانگے
جاودانی کی عوض عالم فانی مانگو

ہم زہر مرا زخم پنہانی مانگے
کشتۂ تیغ محبت کا نہ پانی مانگے

ع کا فوری سحر ہو گئی ٹھنڈی افسوس
عشق پیری مین مرا جوش جوانی مانگے

ن وہ دیوانہ و حیران ہون کیف و بیچا
میری تصویر کی مجنون بھی نشانی مانگو

ے خط نامہ سان کہنا یہ احوال سبھی
شکوۂ جور و جفا کر دو زبانی مانگو

عشق کا ہی طول مین کیونکر لکھون
ایک عالم مرے قصّہ کی کہانی مانگے

چاہ مین اسکی زلیخا کی صفت ضامن ہے
دل و جان تجھ سے جو وہ یوسف ثانی مانگے

ت لی تری جان مری یار نکالی
کیونکر تیغ ستم تو نے ستمگار نکالی

ر کوئی اور اگر یار نکالی
کیون قتل کی خاطر مرے تلوار نکالی

اہ کوئی تھنے قضا کار نکالی
جان سخت رقیبون کی وہین ہار نکالی

مے کدے مین قاضی و ملّا گرو — محتسب دستار اپنی دھر چلے
کوچۂ قاتل مین کفنی پہن ہم — سر کو لے اپنی ہتھیلی پر چلے
بر سرِ بازار مجنون نہ تیرے — کو دکون کے ہاتھ سے پتھر چلے
واہ واہ اے نشۂ بادِ ہوس — ساغرِ عصیان کو ہم تو بھر چلے
دشمنِ آدم ہے گندم دیکھ تو — آسیا اسیر سدا گھر گھر چلے

زندگی بن یار ضامن ہو چکی
ہم تو تنہا چھوڑ کر دلبر چلے

مبدل القافیہ

حسرتا دنیا مین ہم کیا کر گئے — بارِ عصیان سر پر اپنے دھر گئے
الفت جانان سے کیون ہم ڈر گئے — ناحق اعدا کی وفا مین مر گئے
عاشق جانباز اکثر مر گئے — وصل کی اس کی تمنا کر گئے
پھر نہ وہ آ کر ملا آرام جان — گھر گئے کتنون کے اسمین بھر گئے
دولت زر جمع کر جو مر گئے — سر بسر قارون کو وہ ہم کر گئے
باز وسے ملکوت دنیا پر چل گئے — لا مکان تک پر لشکر بے پر گئے
مر گئے جو مر گئے زندہ ہو گئے — اس جہان مین نام اپنا کر گئے
جی گئے جو مر گئے وہ چھٹ گئے — ہم سے غمخوار وسنے وہ بہتر گئے

دیوان ضامن

آہ و فغان و حسرت و غم دیگئی مجھے
آتے ہی عشق موج غم و درد کی گئی

کتنے ہی میرے جان نگہبان کر گئے
جان و جگر کے ملک کو ویران کر گئے

مضمون جانگداز سے ضامن تو عاشقو
مشہور ملک ہند مین دیوان کر گئے

اس آتش الفت نے یہ کیا آگ لگا دی
یان تک مجھے پھونکا کہ مری جان جلا دی

مدت سے نہیں ہوش مین آیا ہے وہ بدمست
ساقی نے یہ کیا بادۂ گلگون ہے پلادی

بیمار محبت پہ نہ کچھ رحم کیا ہا ئے
معجون سم آلودہ طبیبون نے کھلا دی

اے باد صبا یاد کرینگے تجھے کیا ہم
اس گل کی خبر تو نے کبھی ہمکو نہ لادی

اے رشک مسیحا تری رفتار پہ قربان
ٹھوکر سے مری لاش کئی بار جلا دی

اے آہ جگر سوز بلا فتنۂ شر انگیز
لے سر سے قدم تک مری ہستی کو جلادی

اے باد صبا باغ مین سب گل ہین کھلائے
پر دل کی ہماری نہ کلی تو نے کھلا دی

اس جان کو رکھا ہے فدا کرنے کو تجھ پر
آئی تھی قضا لینے کو پر ہم نے ٹلادی

جیتا ہوا جائے نہ کوئی پھر کے یہان سے
پھرتی ہے یہ سر اک کوچۂ قاتل مین منادی

آرام سے سوتے تھے پڑے ہو ملک عدم مین
اے عشق مجھے لاکے یہان دھوم مچادی

اے دشمن احباب محبت گرے اعدا
پہلی ہی ملاقات مین ملکر کے دغا دی

اس عشق نے لوٹے ہین سبھی کام ہمارے
شادی تو مرا غم ہوا اور غم ہوئی شادی

ملنے کی قسم کھائی ہے قاتل نے یکایک
اے قاصد پر قال یہ کیا تو نے سنا دی

دیوان صائن

عاشق جانباز کا تو آزمانا چھوڑ دے	آزما پر آزمائش کا بہانہ چھوڑ دے
بلبل نادان تخیران ہو چھپانا چھوڑ دے	اب نکل اس باغ سے تو آشیانہ چھوڑ دے
رات دن مرتا ہے تو کھا کھا کے غم بے فائدہ	بے وفا کی چاہ میں یہ زہر کھانا چھوڑ دے
مثل پروانہ کے جلا شمع رو کی عشق میں	شمع آسا صبح تک دل کا جلانا چھوڑ دے
اے کمان ابرو نگاہ تیر سے دل چھن گیا	کوئی دم تو تیر زن تو یہ نشانہ چھوڑ دے
خانۂ دنیا کا بالکل کارخانہ ہے خراب	تہہ خدا کی یاد کے یہ کارخانہ چھوڑ دے
تو ہر دل گم گیا ہے کون جانا نہیں اگر	تاکہ کوست جہان دانا ایک دانا چھوڑ دے
مولوی جی تم ہو ذرا ظاہر بنا باطن خراب	ان خانہ بازی کی مسلو کو بتانا چھوڑ دے
رنگ لائیگا یہ اکدن آپ کا رنگ حنا	بیگناہوں کا ستمگر خون بہانا چھوڑ دے

زہد و تقوی جبہ و مسواک تسبیح بہانہ پہ لے
صائن اپنا طرز اب تو عاشقانہ چھوڑ دے

آ کے اس دنیا میں یاد داغ حسرت لیچلے	داغ دلبر لیچلے کیا یار صحبت لیچلے
رنج و غم سوز جگر بیتاب دل لیچلے	ہم بغل میں اپنے اک شور قیامت لیچلے
سر بکف جاتے ہیں کوئی یار میں ہم تو مگر	سر کو اپنے دوش پر جیسے ہو طاقت لیچلے
عشق عاشق ہو گیا ہے حضرت انسان پر	چھین کر ملکوت سے بار امانت لیچلے
کوئے جانان میں جب آ کر ہو گئے بیمار عشق	جا کے ہم دار الشفا میں تیغ و رحمت لیچلے
رشک گلزار ارم تھا آپکے جلوہ سے گھر	کلبۂ احزان سے میرے تم تو برکت لیچلے

[illegible]

دہ سرو ناز وہ گل خندان کر جو ناز
حسن و جمال یار دو چندان رہا کرے

ضامن قمار بازی سودای عشق ہین

صابر علی سا عاشق جانا کوئی نہین ہے
تیر نظر ابرو کا اپنا ٹھکانا کوئی نہین ہے

سارے ہین ڈھونڈھا یار جانا کیجیو خیال
جیسا کہ مین ہون ایسا دیوانہ کوئی نہین ہے

حال اپنا مین کسی سناؤن تجھے جگر ہے کسی کھاؤ
اسرار پنہان کا واقف دانا کوئی نہین رہے

چھوڑ دیا ہے سب نے تو ہمکو ساتھ لیا ہے رنج و الم
دنیا مین دیکھا اپنا بیگانہ کوئی نہین رہے

آگ لگی ہے جل ہی گیا مین شمع مین بالکل ہی پروانہ
جیسا جلا مین ایسا جلانا کوئی نہین رہے

عشق خدا کا بار امانت آہین کسکو ہی خبر
ایسے گران کو سر پر اٹھانا کوئی نہین رہے

ضامن علی تو خوب سمجھ لے کرنا ہے جو کچھ ابھی کرلے
ایسے جہان مین پھر کے آنا کوئی نہین رہے

عجب ہین قدرت کا کارخانہ خدا کی باتین خدا ہی جانے
دلا کو ہر دم وہ چپ ہی شاہ ہین خدا کی باتین خدا ہی جانے

ہین سن چکا ہون بہت فسانہ خدا کی باتین خدا ہی جانے
نیا فسانہ آیا ہے کیا سنا خدا کی باتین خدا ہی جانے

کھلا نہ پردہ کا بھید یار وہی ہے کہ کس کو کیا ہو
ہزار دن سیا خدا کی باتین خدا ہی جانے

کسیکے سر پر ہے تاج شاہی کسی کی قسمت ہے گدائی
کوئی ہے صحرا مین خاک چھانے خدا کی باتین خدا ہی جانے

مثال نرگس کے چشم گلرو ہمکو جینے تجھے مین جادو
اب آنکھین ہمسے گھر چرا رہے خدا کی باتین خدا ہی جانے

بہت تجھ ہی تجھو سے واکسی سے قدر دل کے دارلے
کوئی نہ قدرت کا بھید جانے خدا کی باتین خدا ہی جانے

[illegible]

[illegible]

یہ کیا ہے قدر اس بت کی تمنا نے مجھے
جل ہوا اک شمع رو پہ ساتھ لاشہ کر گئے
نیکے سودائی گل نداموں ہی رکھتا ہوں نہیں چھیڑ
تجھ سے کیا شکوہ عیادت کو نہ آیا وہ کبھی
وعدۂ دیدار فردا پر سکے دیتا ہو نہیں
ہجر میں تیرے پریروا اپنا جینا ہو چکا

اپنے کوچہ تک بھی وہ دیتے نہیں آنے مجھے
گور تک پہونچانے جائیں کیوں نہ دیوانے مجھے
پھر لگے عاشق سمجھنے سارے دیوانے مجھے
دم دیا اے دردِ دل میرے مسیحا نے مجھے
شوق نظارہ نہ بجھا آنکھ جھپکا نے مجھے
فکرِ فرقت غم بھی اب بتا نہیں کھانے مجھے

یار پہ ضامن فدا اب ہو چکا دل جان سے
واعظ اور ناصح عبث آتے ہیں سمجھانے مجھے

یا مصطفےٰ یا مرتضیٰ ضامن علی ضامن علے
احمد محمد مصطفےٰ خاتونِ جنت سے ریا
شاہِ نجف شیرِ خدا بر میں مدد جلد ی سے آ
ہے حکمرانِ کاف نون تو شمع میں پروانہ ہوں
تو لن ترانی مت سنا میں بے نوا ہوں بے ریا
ہے تو کہاں ہر میں کہاں جب ہے ذاتِ حق عیاں
اے نورِ ذاتِ پنجتن روشن ہے تجھ سے جانِ من
نام علی نام خدا ہر شان میں جلوہ کیا
ظاہر ہوا نورِ ازل پہ شکل نشانِ جبۂ دل

مشکل کشا صلِّ علیٰ ضامن علی ضامن علے
حسنین جانِ مرتضیٰ ضامن علی ضامن علے
سلطان شاہِ لافتیٰ ضامن علی ضامن علے
الفت میں تیری دل جلا ضامن علی ضامن علے
اب روشن دیکھا ضامن علی ضامن علے
پردہ خودی کا اٹھ گیا ضامن علی ضامن علے
تجھ سے ہے عالم پر ضیا ضامن علی ضامن علے
اے گاہ بندہ گہ خدا ضامن علی ضامن علے
میں کیا کہوں اس سے سوا ضامن علی ضامن علے

دیوان ضامن

[illegible]

تم ہوئے ہو سلیم گلشن ادب میں ضامن سے خفا
ہو مبارک تمھین لے یار تمھاری ہو رہی

...ہرے نہ کسی پہ نہ ظلم فرمائیے
...ا دل نہ دکھائو نہ چھیڑو زخم جگر
...یہ حور ہو یا ہو پری مناسب ہے
...بلا کے مجھے خاک میں کسنے کیا
...ن ہون کوئی بیا بانون مین جو گلیر
...ال نہین کتنا حیا ہو دستگیر
...رضامن مسکین ہو الٰہی قبول
...یا جو حسن پہ اپنے غرور کرتا ہے

بلا کشون سے کچھ بات رنج کی لائیے
کسی کی آہ خدا جانے کسکو لیجائیے
وہ اپنے عاشق شیدا سے آکے ملجائیے
الٰہی آتش الفت مین وہ بھی جلجائیے
نکل کے گھر سے وہ جنگل میں جا کے گھبرائیے
الٰہی اپنے عزیزون سے وہ بھی شرمائیے
سکے پہ اپنے وہ ظالم بھی جب پچھتائیے
خزان بھی آئے وہ مرجھا کے اور مرجھائیے

نہ عشق تم کرو اہل صبا زلیخا مصر کا
کہان تلک تمھین ضامن غریب سمجھائیے

...مکان مین جلوہ نما اسکا نور ہے
...ہو گلی ہے مدینہ کی حق نما
...سمجھے ہین نور محمد کو ہے محیط
...سے غم کی موج مین مست غرق ہے
...تا ہے آفتاب جمال محمدی

اس نور احمدی کا یہ سایہ ظہور ہے
موسیٰ کے واسطے فقط اک کوہ طور ہے
نور بصر کے مثل ہر اک جا وہ نور ہے
لینا خبر جہان کی اسکو ضرور ہے
دیکھے نہ چشم کور تو اپنا قصور ہے

[illegible]

اٹھاکے پردہ رخ دیکھا یار ضامن کو
ہماری جان چلی آپ کی حیا ٹھہری

اپنی غرور ہی کا جو کوئی نقشہ و نما رکھے — حق اس سے ہی جدا جو وہ حق کو جدا رکھے
چمکا ہے نور شمس حقیقت کا جا بجا — ذرہ ہر ایک دعوی انا الحق کا رکھے
دارا ہے جوش سر انا الحق نے کہ گذر — راز نہان کو دل مین کہانتک چھپا رکھے
عکس جمال یار ہویدا ہے برملا — ہر آئینہ ظہور مین جلوہ نیا رکھے
ہوتا ہے جسکو راز انا الحق کا ذوق — ہر اہل فنا مین دارد وہ پہلے نیا رکھے
منزل مین عشق کے وہی ہوجائیگا خیر — نفس لعین پہ جو کہ ستم ہو عصا رکھے
پردے کے اک اشارہ یار ہی جان سے — آمد صنم ہے طاق مین خنجر اٹھا رکھے
مجکو بھی ایک جرعہ سے ساقیا پلا — آیا دو مسکدے کو تمہارے خدا رکھے

ہر دم ہے اپنا چاک گریبان نیا جنون
ضامن ہمیشہ اسکو کہانتک سلا رکھے

قاتل ہزار حلق پہ تیغ جفا رکھے — عاشق کو چاہیے کہ سر اپنا جھکا رکھے
کیونکر حریف عشق نہ گردن کٹا رکھے — تیغ جفا سے یار تو آپ شفا رکھے
اس روز مصحفی نے کیا تیغ دین دراز — واعظ سے کہدو اپنی کتابین اٹھا رکھے
ناز و ادا کے غمزے مین لطف فنا بھی ہے — دانا کو چاہیے کہ وہ فکر رسا رکھے
جسکو خیال زلف سر ہویار ہو — سو سو طرح کی سر پہ وہ اپنی بلا رکھے

عرش سے لے فرش تک ہیگا یہ سب اسکا ظہور کون ہے اسکے سوا جب کھل گیا راز دوا	عالم سفلی وہی ہے عالم بالا وہی پردہ لا مین وہی ہے معنے الا وہی

گو ہر معنی وہی ہے موج زن دریا وہی
صاحب مظہر وہی ہے ضامن و شیدا وہی

جدھر دیکھتا ہوں ادھر تو ہی تو ہے	جو تھا راز پنہان سو وہ ہو بہو ہے
ہوئے جب سے عاشق ہم اپنے عزیز و	طلب ہمکو اپنی ہے اور جستجو ہے
بجز حق نہین ہے کوئی جسم و جان مین	صدا سے آتا ہے حق کی یون گفتگو ہے
کبھی بنکے مجنون وہ بن کو سدھارا	کہین چاک داماں کرتا رفو ہے
کہین متقی ہوکے مسجد مین بیٹھا	کہین خون عاشق سے کرتا وضو ہے
کہین رند مشرب کہین ہے وہ صوفی	نہین اس سے خالی کوئی رنگ و بو ہے
ہزارون ہوئے مست پی کر کے ساغر	پیالے کی مے کا دہن جو سبو ہے
شہید ازل اسکے خنجر کا ہون مین	بہا جسکے کوچہ مین اپنا لہو ہے
نزول اسکی رحمت ہے ہمپر ہمیشہ	جو کہتا وہ خود آپ لا تقنطوا ہے
لگے آگ جلجائے مینجانہ اور سے	بجز ساقی نہین اور تو ہی ہو ہے

سودا تیرے ضامن نہ دیکھے کسی کو
یہی ہے تمنا یہی آرزو ہے

کہین ظاہر باطن تو ظاہر ہے جو کچھ ہے سو تو ہی ہے	اول آخر تو ہی خدا یا جو کچھ ہے سو تو ہی ہے

ضامن

کہیں یوسف بنا پیارا زلیخا حجلۂ زیبا — جدائی سے مجھو مارا کہیں کچھ ہے کہیں کچھ ہے

کبھی زاہد کبھی عابد کبھی وہ بادہ پیما ہے — اسے ہر رنگ میں دیکھا کہیں کچھ ہے کہیں کچھ ہے

کہیں ہے گل کہیں بلبل کہیں سرو اور کہیں قمری — ظہور اسکا یہ ہے کیا کیا کہیں کچھ ہے کہیں کچھ ہے

وہ آپ ہی سنبل و لالہ وہ آپ ہی شمع قند بالا — وہ آپ ہی نرگس شہلا کہیں کچھ ہے کہیں کچھ ہے

کبھی مظہر کبھی ضامن کہیں مشکل کشا حیدر
چھپا پردہ نشین ہے کیا کیا کہیں کچھ ہے کہیں کچھ ہے

باقی نہ میں رہوں مری آرزو رہے — یہ آرزو وہی ذات مقدس کو تو رہے

جاتا رہے نشان تعین کا سر بسر — ذات بحت محیط گر ہاں جو رہے

عاشق کو چاہیے کہ نماز قضا پڑھے — خون جگر کے آب سے کرتا وضو رہے

نافہ ہے تیری ناف میں آہوئے ختن — جس سے دماغ تیرا سدا مشک بو رہے

پیاسا نجائے کوئی تری موج سے ساقیا — جاری تمہارا یہ دور ترا یہ سبو رہے

جوش جنون نجائیگا ہرگز یہ قصہ ہے — باقی تو گو کہ تن میں ہمارے نہ لہو رہے

عاشق کو تیری دولت فضل بہار حسن — حاصل ہو تو حشر تلک جستجو رہے

قاتل تجھے قسم ہے ذبح کر تو یون مجھے — تسمہ لگا نہ باقی ذرا ایک مو رہے

منزل میں عاشقوں کو نہیں بوالہوس کو راہ — جانان کو جان دی تو تری آبرو رہے

سب نے عزیز ہمکو دیا ہے جواب صاف — مونس ہمارا ایک یہی یار دھو رہے

اے غیرت دوئی تو ذرا دل میں آ تو دیکھ — ضامن ہو سکا میں جو اگر وہ کبھو رہے

دیوان ضامن

گزشتہ از خود کو کبھی پایا نہیں کرتے
اس طرفہ کی راہ ادھر آیا نہیں کرتے

ہم شورش وحشت کو جلایا نہیں کرتے
زنجیر کو پیروں کی ہلایا نہیں کرتے

محفل میں تری آنے سے منہ موڑتے ہیں عاشق
پروانہ کو اے شمع ہٹایا نہیں کرتے

ہیں گوہر دل کوچہ دلدار میں کھویا
کھویا ہے سرو دان جسے پایا نہیں کرتے

عاشق دل و جان تجھ پہ کیا کیا نہیں کرتے
ہر یار کی نظروں میں سمایا نہیں کرتے

ہجر و ظلم تیغ جفا ایسے ستمگر
دشنام بلا وجہ سنایا نہیں کرتے

گر لاکھ کہو ایک نہ مانے وہ خفا جو
اسطرح کے روٹھے کو منایا نہیں کرتے

ہیں اور رقیب اپنا ہیں جو خنجر تہ ان
دو ایک میان بیچ سمایا نہیں کرتے

جو یار کے قدموں کے ہوئے خاک میں ضامن
در یار الم سر پہ اٹھایا نہیں کرتے

دل ہم کسی دلبر سے لگایا نہ کریں گے
فرقت کے ستم روز اٹھایا نہ کریں گے

ہم راز شب وصل ہویدا نہ کریں گے
پر چور و چھپا آپ کے اخفا نہ کریں گے

وہ تیغ بکف آتے ہیں صرفہ نہ کریں گے
سر دو پہ ہم بھی کبھی وقفا نہ کریں گے

ساقی نے وحدت کا اگر جام پلایا
ہم ہوش میں اپنے کبھی آیا نہ کریں گے

کب چھوڑتی وحشت ہے گریباں کو فوکو
ہم چاک گریباں کو سلایا نہ کریں گے

جا بیٹھیں گے ہم کھا کے چھری ہاتھ سے اپنے
وہ چہرہ زیبا جو دکھایا نہ کریں گے

مشکل ہے علاج دل بیمار طبیبو
علیلے بھی مرے مرض کو اچھا نہ کریں گے

گر کوئی پوچھے مصیبت کو مری اے دوستو
ہنسکے رو دوں چھپ چھپ میں اس [illegible] کے سامنے

قلزم گریہ کے طوفان میں یہ بہجائیگا جہان
ہے حباب آسا یہ خیمہ چشم تر کے سامنے

دل تو میں یہی چکا ہوں سر بھی حاضر ہے
تیر ترکش کے سامنے ہے تیغ سر کے سامنے

ناز سے جادو سے غمزہ سے کرے گا قتل تو
کس طرح کوئی بچے اس فتنہ گر کے سامنے

میں کہا کرتا ہوں تجھ پر وہ لگا کہنے کہ جھوٹ
[illegible] جب جانیں کہ کھا دے [illegible] کے سامنے

ساقیا تشنہ لبی ضیا من کی حد سی بڑھ گئی
ساغر مے لائیے جلدی سے بھر کے سامنے

ہم ہیں کافر عشق کے کافر ہمارا عشق ہے
راحت جان عشق ہے جنبان سی پیارا عشق ہے

عشق لایا تھا عدم سے ورنہ کیوں آتے یہاں
پھر لیئے جاتا ہے ہمکو وان دوبارہ عشق ہے

لی مع اللہ آپ بولا اور انا الحق بھی ملا
اور صدائے لن ترانی کہہ پکارا عشق ہے

عشق کے دریا میں گر کر کون نکلا ہے یہاں
جسکو کہتے ہیں وہ دریا بے کنارا عشق ہے

عشق ہی معشوق مولا عشق ہے سبکا ظہور
عرش سے لے فرش تک بالکل پیارا عشق ہے

اب شفق کی ہی طاقت لا مکانیں جا سکیں
حضرت انسان کو واتنے سدھارا عشق ہے

بار الفت میں یا یا مشک اٹھ سکتا نہیں
اے صنم سینہ پہ [illegible] سنگ خارا عشق ہے

زکریا کی طرح میں تو صبر کرکے رہ گیا
[illegible] سر پہ میرے [illegible] چلایا ہے آرا عشق ہے

حل نہیں سکتا ہے عقدہ ناخن تدبیر سے
[illegible] طرح کا [illegible] یارا عشق ہے

مقصد کو نہیں حاصل عشق سی [illegible]
[illegible] ستارا عشق ہے

شاخِ دل کو تو ہوا ہی غم فرقت سی تبر ہے
ایک دم باقی ہے اب تو کہین آشکل سے کھا

بید لرزان کی نمط ہجر کو سہتے گذری
حالت نزع مین بس ہمکو سنبھلتے گذری

منزل یار تلک ہائے نہ پہونچا ضامن
آفرین عمر کو اس راہ مین چلتے گذری

پہلو سے لیگیا وہ مری دل نکال کے
دل کو جگر کو دونون کو شامل نکال کے

کاکل کے دام مین ہی کیا مرغ دل اسیر
صیاد تو نے ڑخ سے تل نکال کے

ناحق کیا جو قتل مجھے مین دکھا دیا
باب انفعال کا وہین فاعل نکال کے

آنکھین تری وہ زرد دلاور ہین انہرن
لیجائین جان کو یہ سرمحفل نکال کے

نکلے ہی جان وصل سے پہلے ہی ہائے یار
حسرت وہ پیش کرتا ہی مشکل نکال کے

یہ ذبح کیا ہی مجکو تو جب آپ چاہیے
بسمل کی جان تن سے تو قاتل نکال کے

تیغ جفا سے اسکی خطا وار بچ گئے
چن چن کے مارتا ہے وہ غافل نکال کے

قاتل یہ یادگار ہی پیکان ڈھونڈھ مت
دیگا نہین جگر سے یہ بسمل نکال کے

عنقا صفت وہ یار ہے مت ڈھونڈھ بیٹھ رہ
ضامن خیال سر سے یہ باطل نکال کے

عارض سے کب ہی زلف معنبر لگی ہوئی
ناگن سی ہے یہ گل کے برابر لگی ہوئی

ہے عشق گل مین بلبل مضطر لگی ہوئی
سر پہ خزان سے گل کے ستمگر لگی ہوئی

سینہ جلا داغ دل و جان جل گئے
کیونکر نہ سمجھے یہ آگ ہی گھر گھر لگی ہوئی

ہو تجھ پہ فدا دل و جان صنم مجھ پر تیری قسم تیری جا ہی کی
یہی جی میں ہے سیر کرے نہ کبھی تری شہر لباس کی کہاں کہان ہر
یہی کہا ہر تیا کہ وہ شوخ ہی کر چلا تھا سیر جلا گر

تیرے ملنے کی بیکار ہوس بھی ہی مرا چین گیا مری نیند گئی
گلہ ہی یہ نقابیہ تمہر و ہجر ہی مرا چین گیا مری نیند گئی
کہا مانی لیکے تو سہر بھی مرا چین گیا مری نیند گئی

لگی آتش عشق جلا ہی دیا مجھے خاک فنا میں ملا ہی دیا
یہ نصیب میں تیری تھا جو علی مرا چین گیا مری نیند گئی

پھرے ہے ڈھونڈھتا مجنون کدھر گئی لیلی
یہی ہے ترے مجنون کے بستر لیلے
سحر سے شام تلک قیس ہے یہ کی فریاد
تجھے بھی چاہیے مجنون کی منزلت جانی
لپیٹ عالم بالا ہی تنگ ہوا
بعض میں خاک میں ملجائے یہ ترا مجنون
شال نکلے بی مجنون کے استخوان میں ہم
جو سوز عشق میں جلجائے جان مجنون کی
یہ سیاہ رنگ میں ہی رازِ صفت خالق
پری ہو حور ہو یہ محبت ہوا یہ پارہ ہے
تمام دان تو یہ ناقہ کے ساتھ دوڑا ہے
میں ایسی لیلی کا مجنون ہون سدا مجنون

کہا تبالک نہیں آئی ہو میرے گھر لیلی
کہ چند روز سے آئی نہیں نظر لیلی
کہاں گئی مری لیلی کدھر گئی لیلی
ہماری چاہ سے تیری ہوئی قدر لیلی
مدام رکھتا ہے آغوش میں قمر لیلی
اور اسکے حال سے اپنی ہو بے خبر لیلی
جفا و جور و ستم اس قدر نہ کر لیلی
مثال شمع یہ جلتا رہے جگر لیلی
کہ لگ نجائے کسی کی تجھے نظر لیلی
نہ دیکھے مجنون سوا تیرے غور کر لیلی
کھڑا ہے شام سے مجنون سحر ہوئی لیلی
پھرے ہے ڈھونڈھتی تجکو یہ دربدر لیلی

مین ہون شعلا آگ کا شاید کہ بوسے کے لئے — پہنچا ہین یار کے سیب ذقن مین آبلے

جستجوی یار مین پڑتے ہین عاشق کو ضرور — پا تو کیا مجنون کے دست کوہکن مین آبلے

واہ وا اے گرمی سودا تری جولانیان — بیٹھے بیٹھے پڑ گئے میرے وطن مین آبلے

کب بغل مین ہون چھپاؤ شیشہ محتسب — ہین دل دیوانہ آتش بگن مین آبلے

رہ گئے کانٹو مین الجھے پانو کچھا کے مرا — پھول نرگس کے کھلے ہین کیا ہی بن مین آبلے

گل کے کھانیکی ہے شہرت ہوئی جب خلق مین — کب چھپا کو سے چھپے ہین پیرہن مین آبلے

مثل پروانے کے ضامن شمع رو کے عشق مین
پھوڑ اپنے دل کے تو اسکی لگن مین آبلے

تھے زبان خار صحرا کے دہن مین آبلے — آبلے پا سے گئے لیکر کے بن مین آبلے

حلق میرا خشک ہے اور آب خنجر ہی روان — کوئی کہتا ہے نہین اپنے دہن مین آبلے

راہ غربت مین تھکا سر پر اٹھا جیب مجھے — تھے رفیق راہ یہ رنج و دہن مین آبلے

پاؤن مین مجنون کے چھالے تھے پڑے ناقہ کے ساتھ
اب وہ ضامن تو نے باندھے ہین سخن مین آبلے

تری عشق مین جو فا مری کیا ہی بیقدری ہی — وئلے تو نے پوچھا نہ حال کچھ مجھ ایسی بیخبری

ہوا خشک اپنا بیاض تن ہے بادہ گل کا چمن — مگر ایک نرگس چشم نم ترے دیکھنے کو ہری ہی

مجھے ساقیا وہ نشا پلا کہ ملے جس سے فنا بقا — تو خیال دل مین ترانہ لا کہ پیالی مے کی بھری ہی

یہ شہود گل ہے سبھی ترا تو خود آپ آیا ہے خدا — سو عجب طلسم بنا تری ذات اس سے بری ہی

سجدہ کروں گی کیونکہ تہ تیغ تب بھلا
آواز کان میں مری تا لو ابلی کی ہے

بیخود نہو میان رہ ہستی سے جا گذر
منزل یہی فنا کی ہے یہ ہی بقا کی ہے

ضامن علی ہو جسکا اُسے خوف حشر کیا
امداد ساتھ میرے تو مشکل کشا کی ہے

دل کو ہماری چاہ اُسی بیوفا کی ہے
دن رات جسکی چاہ میں خواہش قضا کی ہے

کسطرح چوم لوں میں کف پای نازنین
پاپوش کی طلب اسی رنگ حنا کی ہے

کیا آرزوے وصل بت بیوفا کی ہے
عادت جسے ہمیشہ سے جور و جفا کی ہے

ہر ہر قدم پہ اسکے ہے اعجاز عیسوی
رفتار اُس پری کی یہ ناز و ادا کی ہے

باب قبول اتو عزیز ہوئے ہیں بند
بازو شکستہ یا کہیں مرغ وفا کی ہے

خانہ خدا نے سانپ نے آکر کیا ہے گھر
دلمیں ہمارے یاد جو زلف دوتا کی ہے

مجکو ہوا ہے شوق اوڑ لیجئے اوڑھ
دل میں ہوا بھری مری اُس دل ربا کی ہے

گلشن میں سیر کو وہ گیا نو بہار حسن
لب پر ندا یہ غنچہ صل علے کی ہے

ہمکو خیال حور و پری بھی کبھی نہ تھا
اب چاہتے ہیں یہ بھی تو قدرت خدا کی ہے

ناز و ادا کے صدقے تری بول چال کے
تو گالیاں دے ہم کہیں رحمت خدا کی ہے

کچھ خوف حشر کا نہیں ضامن کو یا علے
امید ہمکو ساقی روز جزا کی ہے

دل حیران کی تسکین کو خیال یار کافی ہے
بجانے نکہت گلشن بیخ دلدار کافی ہے

بت ہوا اس بت عیار کے آگے ضامن
کچھ تو بن آئی جو کچھ بات بنائی ہوتی

ہمین مت مار ای قاتل ہم آپ ہی مر جائینگے / بن آئی جبکہ مر جائینگے تمہارا نام کر جائینگے
صنم کے عشق مین یارو نفع بھی ضرر بھی ہے / بگڑ جائینگے اگر کتنے تو کتنے ہی سنور جائینگے
صراحی جام و مینا کو کرونگا توڑ کر ٹکڑے / دلا محفل سے اٹھکر کے جو وہ رشک قمر جائینگے
یہان محفل مین ہنر ہین جو لیتے مین اپنا دل / ہمین جانے دو ای صاحب ہم اپنے خاص گھر جائینگے
نہین جینے کا یہ کشتہ تری تیغ تغافل کا / جو آب زندگی لیکر وہان خواجہ خضر جائینگے
بنائی ہاتھ رنگین ہین لہو مین بیگناہونکے / بہانہ کرکے مہندی کا وہ گر مکر جائینگے

یہ کوئی عشق سے ضامن یہ رشک باغ جنت ہی
ترے کوچہ سے اے صابر کہان جائینگے کدھر جائینگے

مین کیا ہون کون ہون کہو کیا میرا نام ہے / حیرت نے آلیا مجھے صبح و شام ہے
حیرت ہی یا عدم ہے یا محو ہی نشہ مین / راہ فقر مین کیا ہی وہ عالی مقام ہے
ذات صفات گم ہوگئے پیچ کیسے کیا رہا / ہو ہو ہوے لامکان ہے الف ہے نہ لام ہے
لایا ہے جوش عشق کا اہل فنا کو یان / ایسی خراب بستی مین کیا اپنا کام ہے
ہر دم شراب شوق ہم یار پیجیے / تنہا یہان تو ایک بھی جرعہ حرام ہے
مرنے سے جو کہ پہلے ملا ذات پاک مین / باقی رہے نہ کیون کہ وہ پانی مدام ہے
صابر شراب عشق سے مجکو نہ بھولنا / ضامن علی ہمیشہ تمہارا غلام ہے

پلایا زہر فرقت او مسیحا
مریض عشق کی اچھی دوا کی

جفا کی اس نے جب ہمنے وفا کی
ارے ظالم مین لائق تھا سزا کی

مریض عشق کو دے زہر فرقت
یہی دارو ہے اُس دار الشفا کی

ہمارے عشق نے کین ہڈیان نوش
ضیافت کرچکے ہمتو ہما کی

یہی باران رحمت ہے خدا کی
ہمین آنکھین جو گریہ کی خطا کی

رنگے میرے لہو مین حیلہ گر ہاتھ
یہ سرخی ہے کہان رنگ حنا کی

نجا سوز دل شمع کا یارو
وہ ساری رات محفل مین جلا کی

رخ آئینہ پر نور خوبان
تجلی ہے یہ دیدار خدا کی

سوا تیرے نہین ہی کوئی ایسا
ہمارے درد و غم کا ہو دوا کی

سُرود عشق سے دل مین ہمارے
ہمیشہ غم کی سارنگی بجا کی

اذیت اور مصیبت مین ہمیشہ
دل ضامن نے بس انکو دعا کی

تمھاری زلف مشکین کو جو ہم مشک ختا سمجھے
خطا سمجھے تو یہ سمجھے تری کاکل کو کیا سمجھے

وہ جدول لاجوردی ہی رخ مصحف کے صفحہ پر
اسے فیتا حمائل کا رخ مصحف کی جا سمجھے

رخ روشن کو ہم اسکے دلون کا آئینہ سمجھے
منور نور اقدس ہے تجلی خدا سمجھے

لب جان بخش جانان کے لب شک مسیحا ہین
صدائے قم باذنی کو فقط حکم خدا سمجھے

ہم اسکی چشم ابرو کو کہو یارو کہ کیا سمجھے
اسے ہم چشمہ کوثر اُسے تیغ جفا سمجھے

کہان وہ پیار محبت کہان وہ لطف و کرم	ہوئے ہو ہمسے خفا اب کہو کہ کیا سمجھے
ہم اسلیے تری ملنے کو سر بکف ہین چلے	صنم کے کوچہ کو ہم دشت کربلا سمجھے
عدو کو دوست رفیقونکو دشمن جانی	سمجھ یہ آپکی قربان یہ آپ کیا سمجھے
مین اسکو دوست سمجھتا ہون وہ مجھے دشمن	ہم اسکو سمجھے ہین کیا اور ہمین وہ کیا سمجھے
خدا عشق عزیز و ہر تاج شاہانا	ہم اسکو ظل خدا سایہ ہما سمجھے
سوا خدا کے نہین ہر بقا کسیکے تئین	وہی ہے باقی جو حق کے تئین بقا سمجھے

نیاز اہل وفا کا ہون قدر دان کا غلام
پری نہ سمجھے تو **ضامن** اسے بلا سمجھے

اس گل نے لی جو ہاتھ مین عناب کی لکڑی	بس ہو گئی وہ قیمت نایاب کی لکڑی
لی دست حنائی مین جو عناب کی لکڑی	پھولونکی بنا لالۂ خوشاب کی لکڑی
روتا ہون فغان نالہ و فریاد ہون کرتا	جسطرح کہ روتی ہے دولاب کی لکڑی
ہین الف سینہ پہ یار کی الفت مین بنائے	اک سانپ کے مانند سیہ تاب کی لکڑی
جب تلوہ نازک مین رگ گل مین چبھو دی	خار کف پائیون ہو کمخواب کی لکڑی
اسطرح مری ہڈیان ای عشق جلا دے	جون آگ مین جل جاتی ہے عناب کی لکڑی

ہر عقدۂ مشکل پہ گرہ اور بنی ہے
شاخ دل **ضامن** ہے ہر اک داب کی لکڑی

وہ پردہ پوش آ ملے ہمسے خدا کرے	جور و جفا سے باز رہے اور وفا کرے

مین گریہ کارہون غم فرقت مین جستا
اور ستل گل رقیب بغل مین ہنسا کرے

پروانہ کی صفت شب وصل مین بھی جلین
ہم شمع رو کی بزم مین شب بھر جلا کرے

آزاد کیجیے یا مجھے قتل کیجیے
دشنام آپکی کہو کبتک سنا کرے

آب بقا ملے نہ لب لعل یار کا
خون جگر نہ کیونکہ ہمیشہ پیا کرے

رنگ حنا ہو خون مرا ہاے یار کا
لاشہ کو میرے پانوسے اپنے ملا کرے

اے رشک ماہ رات کو محفل مین بن ٹہے
مانند شمع رات سحر تک جلا کرے

دست جنون نے چاک گریبان کردیا
کبتک دریدہ دامن وحشت سیا کرے

مرنے دو زہر کہا کے مرے دوستو اُسے
ضامن فراق یار مین کبتک جیا کرے

آج دیکھے تری پہلو مین ہین اغیار کئی
مرگئے ہین اسی حسرت مین دل افگار کئی

عشق مین تیرے صنم او بت کافر خندان
ڈالے گردن مین یہان بیٹھے ہین زنار کئی

چارہ بازی نہوئی تجھسے مسیحا کچھ بھی
تیری فرقت مین ہوئے عشق کے بیمار کئی

وعدہ وصل تمھارے نہین ہو تے سچے
ہان غلط ہو گئے ہین آپکے اقرار کئی

دیجیے کس کے یہ دل تنہا ضامن
دل تو ہے ایک مگر ہین یہ طلبگار کئی

دام کاکل کو اگر وہ مد ظل لیجا ئینگے
دانہ خل کیلیے ہم مرغ دل لیجائینگے

گور کو کہتی ہے خلقت خانہ تنہا اگر
ہم رفیق غم کو اپنے متصل لیجائینگے

ہمارا ناخدا دل ہے تن کشتی مین اے ضامن
کہ جیسے عشق کے دریا مین پھینکا اپنا لنگر ہے

شاشنے لب کے ترے لعل ہین پتھر کے — رو برو دانتون کے ہین دُر عدن پتھر کے
رحم آتا ہی نہین گریہ و زاری پہ مری — دل بنا بیٹھے ہین بت عہد شکن پتھر کے
اے گل اندام گل تر کا بنا لے زیور — سبزہ کانون مین صنم تو نہ پہن پتھر کے
خاکسارون کو ترا کوچہ فردوس برین — گر کے آ بیٹھے مقام اپنے رہین پتھر کے
دیکھو فرہاد نے کس شوق سے چیر اٹھایا — اُسنے کیا کیا نہ سہے رنج و محن پتھر کے
ہے پسندیدہ دل اہل سخن کو یہ ردیف — نظم ہمنے یہ کئے چند سخن پتھر کے
لب عشاق سے کب بات نکلتی ہے کوئی — ہوتے ہین دیکھ کے ان بت کو دہن پتھر کے
مار ڈالوگے نہ جائینگے ترے کوچہ سے — ہم وہ دل سنگ ہین رکھتے ہین بدن پتھر کے
کیا سبب ہے جو نہین آتی صدائے نالہ — آج کیا بن گئے مرغان چمن پتھر کے
سنگباران کرو سنگسار کرو تم لیکن — ہم کبھی وہ سنگ ہین رکھتے ہین بدن پتھر کے
حور و غلمان وہی انکو کہو بت نکھو — بت تو لہ کرتے ہین اے حضرت من پتھر کے
ترے ضامن کو ترے کوچہ بازار مین سے — گو کہ مارے ہین ہر شور و فگن پتھر کے
بس بہا بہا امر انگہبان تو نوح کشتی — ہین عجلت تسان بجانا ہے پار ساجانان
اب چلو اس کنتھریا غم جہان سیل ملکا تا — سات سمندر پار بسی جی اسی دیس ہی جانا

چلوتا میرا اصابر پیارا جی	لوتا میرا اظہر پیارا جی

ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی
تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی

دیوان فنا

پنج ششم دریای فنا کنون گہور آب بقا	غواص لیے بگرفت گہر یا لیس لہ الاہ یا
وہ چہوڑ گئے دنیا کو مری دریا فناہیں مست سبہی	ہیں تیری مدد یا صابر علی ہوتا کہاں قطب علی
دریا فنا میں ہوکے فنا ڈبگی جو لگی یک سیپ ملا	موتی سبہی ملا مول کہر اسفنگار ہتا مجہ پرنہ کا

اجی میرے جاگے ہیں بہاگ
سمنسان کے میں شگن مناتی جی

این ہفت طبق در ذات یکی در موج گرداو صاف جلا	ارباب فنا اصحاب بقا اظہار کنند اسرار احد
اسی یار لیسی اک شاہ مرا میں آج دولا دوریکہ	ملینگی ہودی جب دلیں ہو ں بکہیچن کی
ڈہونڈہت ڈہونڈہت ہو بہی عشق	جب لگی وہ یار ملا سب من کا شاہ کہ بہران
سنبہل گئی پہلی بیت جب رخ چہپن لگا	تن ایک بہیا من ایک بہیا کیا فرق ہا کوئی

اجی میرے جاگے ہیں بہاگ
سیاں کے میں شگن مناتی جی

مسدس در جناب سرور علیہ التحیات و الصلوٰۃ

بلغ العلےٰ محمد کشف الدجےٰ تماہرا	حسنت جمیع عالم بظہور تو مینائی
محجب کمال ذاتی ہر حسن یا گرانی	گئے طور پر جو موسیٰ بزبان خوش کلامی
تو بدین جمال و خوبی بطور اگر خرامی	ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی
ہوا عفو جرم آدم بطفیل جان احمد	ہوا فیضیاب تم سے وہ رسول جد امجد

صفت ایک احمدی کو لکھیں صفت کیا ہے امکان
وے شوق لے عاشق کہیں کہ تیری قربان

تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

قد سرو ناز دلجو رخ رشک حور خوشرو
لب تر ہیں آب حیوان وہ دو چشم عین جادو
وہ جبین غیرت حور مہ تو فدای ابرو
ہے زلف سنبل تر شب قدر ہے وہ گیسو

تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

شب روز تو ہے گردان ہے یاد کس کی گردون
غم ہجر سے تمہارے یہ ہوئے ہیں سیاہ رو مجنون
رخ شمس رد جو ہے شفق فلک ہے پر خون
دل ماہ مشتری میں ہی جلوہ گر ہے مضمون

تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامے
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

کہوں حال زار کس سے کون ہے خدارا
رخ جلوہ گر کا طالب پھرے دربدر ہے مارا
جو یہ کہئے راز مخفی تو یہ ہوئے آشکارا
دل دردمند میرا الصمد آرزو پکارا

تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

نہیں چین دل کو میرے مجھے نہ صبر و آرام
شرف قدم سے کیجیے مجھے سرفراز خوش کلام
کہ بغیر دیکھنے کے رخ پاک اے گل اندام
کہ رہے زبان پہ جاری یہ کلام صبح تا شام

عشق دکھائے کیا کیا رنگ
وہ دیکھو لاگی ہے آگ
جل گیا جیورا جل گیا انگ
جبلی بجھی پی کے گل لاگ

عشق پلائے وہ مے ناب
کوہ دیکھو لاگی ہے آگ
رنگین ہوئین بجلی بیتاب
جبلی بجھی پی کے گل لاگ

آگ لگی ہے ضامن غمناک
وہ دیکھو لاگی ہے آگ
جل جل ہو گئی ساری خاک
جبلی بجھی پی کے گل لاگ

نتائج ہندی

ڈگر بتا دیجو رے مین بھولی میان رے
ڈھونڈت ڈھونڈت لو بھی کسو بلا لاو
رات دنا روتی پھرون کسی پکارون جا
ڈگر بتا دیجو ری مین بھولی میان رے
حال برا ہے یار سجن ملے ہو چین
رب ار نی کہہ رہا کوکت ہون دن رین

ڈگر بتا دیجو رے مین بھولی میان رے

چلتے چلتے تھک گئی عمر گئی ہے بیت
ٹانڈا میرا لد گیا دکھ گئی وہ ریت

ڈگر بتا دیجو رے مین بھولی میان رے

مجنون ہو کر پھر رہا جنگل بیچ خراب
آگ لگی ہے عشق کی جل جل ہوا کباب

ڈگر بتا دیجو رے مین بھولی میان رے

پیریت جنگل ڈھونڈھ چکی ہو گئی اب تو شام
شیام ہمارا روس گیو کہن مین جاؤن رام

[illegible]

گردنے اب میرا بنائے ضامن پیارے آپکو دیکھ
آپ گا جب آپکو پایا اپنا صاحب آپ ہی ہو

مجھ برہن کی پاتی رہو کوئی جائے سناؤ
جو جانو پیا چھانڈ چلے ہین
جوگن بن سکھی بن بن ڈھونڈھو
کوکت ہون مین بن بن اکیلی
سونی نگر مین بیٹھی اکیلی
سو کھم سا کھم تن بھیو ہی لکڑیا
برہا اگن سے ایسی جلائی
بیاہی گئی جہان ساس سُسرا

یہ پتیان نہین بھاتی رہی کوئی جای سناؤ
گرا پی لگاتی رہے کوئی جای سناؤ
انگ بھبوت رمائے رہی کوئی جای سناؤ
ناکوئی سنگ نہ ساتھی پی کوئی جای سناؤ
نا دیوانہ باقی رہی کوئی جای سناؤ
سُلگت ہون نہ اتی پی کو رہی کوئی جا سناؤ
دیپک ہون مین کانی رہی کوئی جا سناؤ
ناکوئی سنگ بہاتی رہی کوئی جا سناؤ

لال آدھین کے یہ برہا کہا سے
ضامن علی کو بتاتی رہی کوئی جای سناؤ

دوہرہ اشلوک

آنے والا جات ہی جو بن چھین جہان
چھپی یون جات ہی جون دریا کی موج
آدم بھولا کیون پھیر دھوکا ہی سارا
دنیا تو مردار ہی ضامن اسی تو بھول

دنیا ہے دن چار کی کال جگت کو کہات
عمر چمک جون بجلی ہاتھ نہ آوی کھوج
دھوکے مین جو آپھنسا کبھی آخر مرسی
دنیا سے خار اض ہین حضرت پاک رسول

[illegible]

دیوان ضامن

بدخواہ رقیبو تو زبانی ہی جھگڑ لو — دعویٰ ہے اگر اور تو ہلکوں سے بھی لڑلو

دیکھیے گا جہان آپ کا الکہم مین تماشا — ہر بات مین کہتو ہو کہ ضامن کو پکڑ لو

کچھ آج نظر آتے ہین وہ ہمکو اکڑتے — ہر وضع پہ بگڑے ہوئی ہر ایک سے جھگڑتے

ہم طرح شرافت کی طرح دیکھیے انکو — ضامن سو خدا جانے وہ کسطور سو لڑتے

ہین وہ ابلیس لعین آپ خدا کی ماری — حاسد محروم تھا ساں ہین جفا کی مارے

جو کہ خود بین ہین شہ بد بین ہین بلا کی ماری — ضامن ایسوں سے نہ مل ہین وہ دنیا کی مارے

شنا ستی عروج مین ہے شراب گل کا خمار دیکھو — مہکتے ہین یہ طفل غنچہ چمن چل کر بہار دیکھو

عجیب رنگت کی ہین نو رنگ عبیر گلال غنچہ رنگ — کہ خاک عاشق لہو کی رنگت ہمارا اڑتا غبار دیکھو

دھوپ پچکاریان ہین ہاں ری بھرا ہے آنکھوں مین خون جاری — دل ناتوان کو ہے بیقراری تم ایک گینہ اسکے مار دیکھو

تمام سامان پہاگ کی ہین ہوئی محبت کے لاگ ہے ہین — سو یا ہے سن ن یہ آگ کے ہین یہ گہری جلتیا ر دیکھو

کہین صراحی کہی رہے قلقل حریف مل مل کے پیتے ہین مل — چمن مین بلبل کا ہو ہی غل ہو چکے سب گذار دیکھو

ملی ہین پچکاری خاک ہمنی جلاکے تن مین تھا اغم مین — جو اشک جاری ہین چشم ترسے تو آنسوؤں کی بہار دیکھو

وہ چہرہ کا تھا جو مرتبہ لالہ جیسے سکھیو نے رنگ ڈالا — تمہارا ضامن ہے دیکھا بھالا تم ایک ایسکے مار دیکھو

یادر کھکھول دل کی آنکھ کو تو ذکر کر لا الہ الا ہو — یہان فکر سے چین دل کو ترسے ہو ذکر کر لا الہ الا ہو

بس ہمیشہ یہین جینا کھول آنکھ دیکھ اے بینا — آخر ش تہ مرگ ہے بینا ذکر کر لا الہ الا ہو

چار دن کی حیات کر اوپر اے مریان ترغر در نکر — ہر گھڑی موت سر پہ ہے خنجر ذکر کر لا الہ الا ہو

گو یہ ایک قید خانۂ گل توڑ دیگی بدن تو انم دل — ہر طرح کا عذاب ہوتا نل ذکر کر لا الہ الا ہو

یار وہ ہو کہ سدا دکھ میں ہو ہر غم میں شریک
ہمنے بر عکس تمھیں کیا ہی پیارے یارو

سر کو ٹکرا کے در یار پہ جی دونگا ابھی
چھوڑ تنہا وہ ہمیں گھر کو سدھارے یارو

ہست میں لاتی ہیں کیا ہند کے دینا ہیں
پھر سب جاتی ہیں کیوں ہاتھ ہیا یارو

ہست کو نیست کو تقوی کو جانی ہے تو
ایسے بگڑے کو بھلا کون گاڑے یارو

اسے طبیبو کوئی تجویز دوا ایسی کرو
نشہ بادۂ الفت کو اتارے یارو

مر گیا ہیں غم فرقت میں کسی کافر کے
چارہ سازی نہ چلی کچھ بھی بچارے یارو

خضر بھی چھوڑ گیا تیرہ جنگل میں مجھے
ہم بھی ضامن سو چلے چھوڑ کے پیارے یارو

ہمکو جانا تمکو جانا پردہ اندر تمھیں تو ہو
ظاہر باطن تمھیں تو اور اول آخر تمھیں تو ہو

فتوی دیکر کفر کا تمنے قتل کیا ہی عاشق کو
لفظ انا الحق بول کے بیجو دار کو اوپر تمھیں تو ہو

احد سے احمد بنایا نبیکے امت کا سالار ہوا
صل علی محبوب بنایا شافع محشر تمھیں تو ہو

نحن اقرب کہکر صاحب وہ دمیں تم چھپ چھپے
اتنو ہم پہچان گئے ہیں جانی دلبر تمھیں تو ہو

عاشق شیدا جلوہ کا اپنے کلیم موسی کلیما
رب ارنی کہہ کہ حالان طور کو اوپر تمھیں تو ہو

اول عاشق آپ ہی ہو تو بنی یزدان خدا
آخر آخر کیا کیا رنگ دکھا کر ساقی کوثر تمھیں تو ہو

جب سے عاشق ہم ہیں ہوا ہے ضامن مسکین حضرت عشق
میرے قبلہ میرے کعبہ میرے منظر تمھیں تو ہو

نماز پڑھوں تجھے میں دیکھوں عشق کہی تو یار کو دیکھ
شرع کہی چل حج کو عشق صاحب کی دربار کو دیکھ

[illegible]

مر گیا مرنے سے پہلے جو کوئی — اُس کی عمرِ جاودانی اور ہے
شمع پہ پروانہ جلنا چاہیے — دمبدم یاں جانفشانی اور ہے
عشق کے معشوق مین یہ ناز نین — چشمیتون کی یہ نشانی اور ہے
کوہکن نے جان شیرین مفت دی — جانفشانی اور ہے اور کامرانی اور ہے
یاد آیا وصل کا دن شام ہجر — یہ بلائے ناگہانی اور ہے
زاہد و کعبہ کا بانی ہو خلیل — کعبہ دل کا تو بانی اور ہے
منع کیون کرتے ہو اسکے عشق سے — کیا عزیز و اسکا ثانی اور ہے
خود وہ آیا اور ٹھہری وصل کی — مہربان یہ قدر دانی اور ہے
نامہ بر خط دیکے کہنا حال زار — حال کچھ کہنا زبانی اور ہے

ان بتون کے عشق مین مت جان دے
ضامن اپنا یار جانی اور ہے

دلمین وہ سوز ہو جو کہون تو زبان جلے — دل بھی جلے جگر بھی جلے جسم و جان جلے
اے عشق شعلہ زن وہ جلایا نہان مجھے — فانوس تن مین شمع صفت استخوان جلے
یہ عشق وہ بلا ہے کہ کچھ چھوڑتا نہین — جو اس مین آ جلے تو سر خانمان جلے
دوزخ اگر جلا تو جلا لذتین اٹھا — بے جرم نار عشق مین تم ای جان جلے
کھینچون اگر مین آہ شرربار آتشین — خیمہ سیاہ وہ ہین تر آسمان جلے
رخسار آتشین گل خندان یہ عاشقو — افسوس اس بہار مین بلبل کی جان جلے

بیمار تری آنکھوں کا ہوں فتنۂ عالم
وہ چشم سیہ نرگس بیمار دکھادے

بیہوش ہوے بیہوش تری دیکھ تجلی
ہمکو بھی وہی جلوۂ دیدار دکھادے

عالم ترے جلوہ کا ہے مشتاق پریرو
تو کھول کے کھڑکی سر بازار دکھادے

پامال کیا حسن و شن ناز نے تیری
اے شور فگن ہمکو وہ رفتار دکھادے

کوچہ مین ترے جاکر کوئی پھر کے نہ آیا
تو ہمکو وہی قہقہہ دیوار دکھادے

تو دیکھ مری طرف ذرا حور شمائل
اے رشک آئنہ رخسار دکھادے

اے غنچہ دہن رشک چمن باغ ارم یار
او سرو رواں رونق گلزار دکھادے

اس طرح تڑپ قبض ہوان طائر بسمل
صیاد کو تو مرغ گرفتار دکھادے

مین دیکھ رہا ہون تری قدرت کا تماشا
پیدا ز نہان صاحب اسرار دکھادے

ضامن پہ کرم کر یہ بہت دور سے آیا
مشتاق ہے دیدار کا دیدار دکھادے

عشق نے خواب سے جگا کے مجھے
مار ڈالا انھیے دکھا کے مجھے

جلوۂ حسن رخ دکھا کے مجھے
چھپ گئے بے خبر بنا کے مجھے

کون سی تھی پری وہ رشک قمر
لے گئی رات کو اڑا کے مجھے

عشق کی آگ نے جلا کے مجھے
گم کیا خاک مین ملا کے مجھے

پھر یہ صحرا کو لے چلی وحشت
قید زنجیر سے چھڑا کے مجھے

کر چکا قتل اب تو آمل یار
صادق العشق آزما کے مجھے

دل کسی کے مل کس سے اور ہم ملنے لگے — گر ملے تو کیا ملے بیکار بے حاصل ملے
کھینچکر شمشیر وہ آئے ہماری قتل کو — ہم بھی سر کو لے ہتھیلی پر سر محفل ملے
چھوٹ جائی اضطراب رقص ناموزون وہ — مرغ بسمل کے گلے سے تیغ گر قاتل ملے

عطیہ

کہہ نہین سکتا ہون مین اسرار دلکو برملا
واقف اسرار ضامن گر کوئی کامل ملے

ہم کون آتا ہے کسکی نازمین رفتار ہے — اور رحمہ آتم با ذنی یار کی گفتار ہے
زاہد دنیا کو کوئی جرعہ شراب عشق کا — محتسب کے میکدہ مین چھین لی دستار ہے
کشتگان عشق کو مژدہ سنا دیتا ہے وہ — آج آتا ہے مسیحا جان کا مختار ہے
چشم وحدت بین سے دیکھو جسکا ہے یہ کل ظہور — مظہر نور خدا ہے احمد مختار ہے
دست وحشت نے نہ چھوڑا ایک رستہ — تار جان عاشق کا تیرے عنکبوتی تار ہے
رات کو اختر شماری دنکو بیتابی دل — اور شب مہتاب آنکھون مین تری دیتار ہے
ہے یہین جا شکایت گر نہ وہ آکر ملے — پردہ حسن ازل کا بھی وہی دستار ہے

خود غلط فہمی کبھی ضامن آپ کو جانا کئے ہم
آپکو گم کرکے جانا آپ وہ کرتار ہے

منتل پتلی کے تو ہم ہین کہ ہمین اختیار ہے — ہاتھ اسکے تار ہے وہ آپ ہی مختار ہے
عیب پوشی کر رہا ہے ہم گنہگار ونکی وہ — کیونکہ وہ رحمٰن ہے غفار ہے ستار ہے
عطر وحدت سے مشام جان معطر کر عجیب — ذات تیری پاک ہے اور تو بڑا غفار ہے

۸۹۱۴۶۳۱۶ ضُ ۱۱ ر

(ضُ ۱۰)

۳۲۲۲۳

Date	No.	Date	No.